آپ کا کورس ورک
آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

یہ کتابچہ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کو اپنے کورس ورک کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے۔ اس میں انتہائی ضروری معلومات اور قوائد و ضوابط دیئے گئے ہیں جو آپ کو نمبر لگنے کے لئے جمع کرائے جانے والا کورس ورک تیار کرنے سے پہلے لازمی پڑھنے چاہییں – حتیٰ کہ اگر آپ اس سے پچھلے سالوں میں کورس ورک جمع کرواتے رہے ہیں تب بھی۔

یہ اہم ہے کہ آپ قوائد و ضوابط کو سمجھیں۔ یہ قوائد و ضوابط اس لئے ہیں کہ کورس ورک کی جانچ پڑتال و درجہ بندی (اسیسمنٹ) سب کے لئے منصفانہ ہو۔ اگر آپ کسی چیز کے بارے میں واضح نہیں ہیں تو اپنے ٹیچر یا لیکچرر سے بات کریں۔ وہ آپ کو یہ بھی بتا سکیں گے کہ اگر آپ قوائد و ضوابط پر عمل نہیں کرتے تو کیا تعزیرات (پینلٹیز) لگائی جا سکتی ہیں۔

آپ کو www.sqa.org.uk/learners پر بھی بہت سی مزید مفید معلومات ملیں گی۔

اسیسمنٹ (جانچ) کے انتظامات

اگر آپ کو اضافی مدد درکار ہے تو مخصوص انتظامات کئے جا سکتے ہیں تا کہ آپ کو مساوی موقع دیا جائے یہ ظاہر کرنے کا کہ آپ کتنا علم رکھتے ہیں اور کیا کچھ کر سکتے ہیں۔ اس کے لئے آپ کو خود ایس کیو اے (SQA) سے درخواست کرنے کی ضرورت نہیں ہے — اگر اس کی ضرورت ہوئی تو آپ کا سکول یا کالج آپ کے لئے درخواست کرے گا۔ اگر آپ اسیسمنٹ کے ایسے انتظامات کے بارے میں جو آپ کے لئے مُناسب ہوں مزید جاننا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے اُستاد یا لیکچرار سے بات کریں۔

کورس ورک کیا ہوتا ہے؟

کورس ورک مختلف اقسام کے ہوتے ہیں جن میں پورٹ فولیو، پراجیکٹ، اور تفویض کردہ کام (اسائنمنٹس) شامل ہیں۔ آپ کے کورس ورک کی نوعیت آپ کے زیرمطالعہ کورس کے مطابق ہو گی۔

کورس ورک آپ کو یہ ثابت کرنے کا موقع دیتا ہے کہ آپ اپنے مضمون کا علم رکھتے ہیں اور وہ نمبر حاصل کرنے کا موقع دیتا ہے جو آپ کے حتمی گریڈ میں خاطرخواہ فرق پیدا کرسکتے ہیں۔

آپ کے کورس ورک کے ہر حصے کی ضروریات مختلف ہوں گی – آپ کے اُستاد یا لیکچرار آپ کو ان کے بارے میں بتائیں گے۔

کورس ورک مکمل کرنا

ذرائع

آپ اپنے کام میں مدد لینے کے لئے بہت سارے مختلف ذرائع کا استعمال کر سکتے ہیں – جیسے کہ کتابیں، ٹیلیویژن اور انٹرنیٹ۔ مختلف ذرائع کا استعمال علم حاصل کرنے کا ایک اعلیٰ طریقہ بھی ہے۔

یہ جاننا اہم ہے کہ آپ ذرائع سے مواد نقل کر کے اس طرح شامل نہیں کر سکتے جیسے کہ یہ آپ کا اپنا کام ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ واضح طور پر ذرائع سے لئے گئے تمام مواد کا اعتراف کریں اور اُس کا حوالہ دیں تا کہ یہ واضح ہو جائے کہ کون سا کام آپ کا اپنا کام نہیں ہے۔

آپ کا اُستاد یا لیکچرار آپ کو بتا سکتا ہے کہ یہ کیسے کرنا ہے، مگرچند ہدایات درج ذیل ہیں:

- کسی اور ذرائع سے حاصل کردہ عبارت کے گرد "علامتِ اقتباس" (واوین) لگائیں اور متعلقہ ذرائع کی واضح نشاندہی کریں۔
- غور کریں کہ آپ نے کیا کوئی اشکال یا خاکے استعمال کئے ہیں — ان کے ذرائع کے حوالہ جات دینا بھی ضروری ہے۔
- اگر ضرورت ہو تو کتابی ذرائع کی ایک فہرست (آپ کے استعمال کردہ حوالہ جات کی فہرست) تیار کریں — یہ آپ کے کام کے آخر پر شامل کی جاتی ہے۔

چربہ سازی

آپ پر لازم ہے کہ دوسرے لوگوں کے کام کو اپنے کام کے طور پر پیش نہ کریں۔ دوسرے لوگوں کے کام اور خیالات کو اپنے کام کے طور پر پیش کرنا چربہ سازی کہلاتا ہے — اور یہ نقل یا دھوکا دہی ہے۔

اگر آپ اپنے کورس ورک میں ذرائع کا اعتراف نہیں کرتے تو یہ بھی چربہ سازی شمار کی جاتی ہے۔

یہ آپ کا اپنا کام نہیں ہے اگر:

- اس پر مکمل یا جزوی طور پر کسی اور نے کام کیا ہو
- اسے کسی دوسرے امیدوار، بھائی، بہن، دوست یا کسی اور نے کیا ہو جس نے ماضی میں ایسا ہی کورس ورک پیش کیا ہو
- اسے آپ کے اُستاد یا لیکچرار نے نمونے یا مثال کے طور پرتیار کیا ہو
- اسے آپ نے کسی کتاب، انٹرنیٹ سائٹ یا مقالات کے ذخیرے سے نقل کیا ہو

اسے خود تیار کریں

خود تنہا کام کرنے کی پابندی کے وقت دوسروں سے مل کر کام کرنا ملی بھگت کہلاتا ہے۔ اس کا اطلاق کسی کی مدد کرنے، کسی سے مدد لینے، اور پاس ورڈز، فائلوں اور کاغذات کا تبادلہ کرنے پرہوتا ہے۔

ملی بھگت میں شریک ہر شخص اصولوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے — نہ کہ صرف وہ جس نے مدد کے لئے کہا ہو۔ اگر کوئی اور امیدوار آپ سے مدد کے لئے کہے تو آپ اُسے اُستاد یا لیکچرار سے بات کرنے کا مشورہ دیں۔

اگر آپ ایک گروپ کے رُکن کے طور پر کام کر رہے ہیں (مثلاً کسی گروپ پراجیکٹ میں)، تو لازمی یقینی بنائیں کہ جو تحریری کام آپ گروپ ورک میں اپنے حصے کے طور پر جمع کراتے ہیں وہ آپ کا اپنا کام ہے۔

اگر آپ کو کورس ورک میں مُشکلات درپیش ہیں تو بہترین مشورہ براہ راست آپ کے اساتذہ یا لیکچرار حضرات سے ہی مل سکتا ہے۔

خطرہ مول نہ لیں — چربہ سازی اورملی بھگت کا کھوج لگانا مشکل نہیں

- اُستاد یا لیکچرار آپ کے کام سے واقف ہوتے ہیں اوروہ اندازِ تحریر اور زبان کے استعمال میں تبدیلیاں بھانپ سکتے ہیں۔
- نمبر لگانے والے حضرات کو اپنے مضمون پرعبور حاصل ہوتا ہے لہذا بہت سے ذرائع سے وہ بخوبی واقف ہوتے ہیں۔
- ایس کیو اے (SQA) ایسا سافٹ ویئر استعمال کرتی ہے جو چربہ سازی اور ملی بھگت کی شناخت کرتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر نقل شدہ جملوں اورعبارت کا اُن ذرائع سے موازنہ کرتا ہے جہاں سے وہ لیے گئے ہوتے ہیں۔

زبان اور تحریر

کورس ورک جمع کرانے والے ہرشخص سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دوسرے امیدواروں، استادوں، لیکچراروں، نمبرلگانے والوں اور ایس کیو اے (SQA) کا احترام کرے۔ اپنے کام میں گستاخانہ، توہین آمیز، جارحانہ یا امتیاز برتنے والی زبان یا تصاویر شامل نہ کریں — اگر آپ ایسا کریں گے تو جانچ کرنے والے اس کی تحقیقات کریں گے۔

یاد رکھیں کہ تحریری کورس ورک آسانی سے پڑھنے کے قابل ہونا چاہیئے۔ جانچ کرنے والے آپ کے کام کو پڑھنے کی پوری کوشش کریں گے لیکن اگر آپ کی تحریر پڑھنا مُشکل ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ نمبر لگانے کے قابل نہ ہو سکیں۔

الفاظ کی تعداد

اگر آپ کا کورس ورک الفاظ کی زیادہ سے زیادہ تعداد متعین کرتا ہے تو آپ لازماً اس پر قائم رہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ اس سے زیادہ نہ لکھیں۔

ریسورس شیٹس (ذرائع کی فہرست)

کورس ورک کی کچھ قسموں کی تکمیل پابندی کے حالات میں کی جاتی ہے اور اس میں آپ کو ریسورس شیٹس (ذرائع کی فہرست) استعمال کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ ریسورس شیٹس کو بعض اوقات تحقیق کی شیٹس یا مرتب کردہ معلومات کی شیٹس بھی کہا جاتا ہے۔

آپ کو لازمی طور پر ریسورس شیٹس کے استعمال اور جمع کروانے کے قواعد سے واقفیت حاصل کرنی چاہیئے اور یقینی بنانا چاہیئے کہ آپ ان قواعد پر عمل کریں۔ آپ کے استاد یا لیکچرار آپ کو ان کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔

کورس ورک جمع کروانا

اپنے کام کی جانچ پڑتال کریں

اپنا کورس ورک جمع کروانے سے پہلے اس کا معائنہ کریں اور یہ جانچ پڑتال کرلیں کہ:

- سبھی کام آپ کا اپنا ہے، اور ذرائع کا مناسب انداز میں اعتراف کر کے حوالہ دیا گیا ہے
- پچھلے سالوں کا کوئی کام جو آپ جمع کروا رہے ہیں، وہ بھی قواعد وضوابط کے مطابق ہے
- اس میں کوئی گستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ زبان یا تصاویر شامل نہیں
- آپ نے کورس ورک اپنے استاد یا لیکچرار کی دی ہوئی ہدایات کے مطابق مکمل کیا ہے

حتمی تاریخ

یہ اہم ہے کہ آپ اپنے کام کو وقت پر جمع کروائیں۔

آپ کا استاد یا لیکچرار حتمی تاریخ مقرر کرے گا اور اس پر عمل درامد کو یقینی بنانا آپ پر منحصر ہے۔ اس کو کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے کام کو آخری دن سے پہلے جمع کروانے کا ارادہ کریں۔

اپنے کورس ورک کی نوعیت کے مطابق جوں جوں آپ اپنے کام کا کچھ حصہ کرتے جائیں اسے اپنے استاد یا لیکچرارکو دکھاتے جائیں۔ ایسا کرنے سے مسائل کے سامنے آتے ہی آپ کو انہیں حل کرنے میں مدد ملے گی جس سے آپ کو وقت پر سب کچھ تیار کرنے میں مدد ملے گی۔ اپنے استاد یا لیکچرار سے دریافت کریں کہ وہ آپ کو کس قسم کی مدد فراہم کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو مقررہ تاریخ تک کام مکمل کرنے میں دشواری پیش آرہی ہو تو گھبرائیں نہیں۔ اپنے استاد یا لیکچرار سے بات کر کے معلوم کریں کہ آپ کی مدد کے لئے کیا کِیا جا سکتا ہے۔

اقرار نامہ

آپ کا سکول یا کالج آپ کے کورس ورک پرنمبر لگانے کے لئے اسے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجنے سے قبل آپ کو ایک اقرارنامہ فراہم کرے گا جس پر آپ کو دستخط کرنا ہوں گے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ اس اقرارنامے کو سمجھیں۔ براہ مہربانی اب اسے پڑھیں اور اگر آپ کو کسی چیز کی پوری سمجھ نہیں آئی تو اپنے اُستاد یا لیکچرار سے پوچھیں:

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- *میں نے ایس کیو اے (SQA) کا آپ کا کورس ورک (Your Coursework) کتابچہ پڑھ لیا ہے اور میں اس کے مندرجات کو سمجھتا/سمجھتی ہوں*
- *میں جانتا/جانتی ہوں کہ آپ کا کورس ورک کتابچے میں درج اصولوں پرعمل نہ کرنے پر ایس کیو اے (SQA) امیدوار کے ایوارڈز پر پینلٹیز (تعزیرات) لگا سکتی ہے*
- *اس اقرارنامے کے ساتھ بھیجا گیا تمام کورس ورک میرا ذاتی کام ہے اور معلومات کے سبھی ذرائع کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے اور اُن کا اعتراف کیا گیا ہے*
- *میں سمجھتاا/سمجھتی ہوں کہ یہ کورس ورک نمبر لگانے کے لئے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجا جائے گا*

اگر آپ اپنے کام کو آن لائن شائع کرنے یا بانٹنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو لازماً اپنے سکول یا کالج سے اس پر گفتگو کر لیں۔

اگر آپ اصولوں کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوں تو؟

ان اصولوں کی خلاف ورزی کے نتائج تشویشناک ہو سکتے ہیں۔ اگر تحقیقات سے ثابت ہو جائے کہ آپ نے اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے تو پینلٹی (تعزیر) کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔

پینلٹی کا انحصار معاملے کی سنگینی پر ہوگا — اس کا فیصلہ ایس کیو اے (SQA) کرے گی۔

تعزیرات کے سلسلے میں درج ذیل شامل ہیں:

- آپ کے نمبر کم کئے جاسکتے ہیں — یا آپ کو صفر نمبر دیئے جا سکتے ہیں۔
- متعلقہ مضمون میں آپ کی تعلیمی اہلیت کو منسوخ کیا جاسکتا ہے۔
- آپ کی سال بھر کی سبھی تعلیمی اہلیتوں کو منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ اصولوں پر کاربند رہیں اور ہمہ وقت درست عمل کریں تو آپ کو ان تعزیرات کے بارے میں فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

ہرکوئی چاہتا ہے کہ آپ اپنے کورسز سے محظوظ ہوں اور بہترکارکردگی دکھائیں۔ یاد رکھیں کہ آپ کے اُستاد اور لیکچرار آپ کی مدد کے لئے موجود ہیں اور آپ ہمیشہ اُن سے مشورہ مانگ سکتے ہیں۔

یاد رکھیں:

√تمام ذرائع کا اعتراف کریں
√جمع کروانے سے پہلے اپنے کام کا بغور معائنہ کریں
√وقت پر اپنا کام جمع کروائیں
√کام خود کریں
Xکسی دوسرے کے کام کی نقل نہ کریں
Xگستاخانہ، توہین آمیز یا جارحانہ الفاظ یا تصاویر استعمال نہ کریں

کسٹمر کانٹیکٹ سنٹر ٹیلیفون: 0345 279 1000   ویب سائٹ: www.sqa.org.uk
BA7443   اگست 2017